مقداری عدد (اصلی عدد) اور ترتیبی عدد



پکنک

پکنک کو جانے کی خاطر ہوگئے سب تیار
تھا یہ ضروری ساتھ میں لائیں کھانا لذت دار
جلدی تھی خرگوش کو اتنی وہ ہی پہلا آیا
گڑبڑ میں دو ڈبے بھولا آیا اور پچھتایا
ایک ہرن بھی جلدی آیا دوسرا اس کا نمبر
ساتھ میں تھیلی گھاس کی لایا دیکھو اس کے تیور
کھٹے میٹھے اور رسیلے ٹوکری میں پھل لے کر
تین طرح کے ناچ دکھاتا تیسرا آیا بندر
چوتھا نمبر گائے کا آیا دم کو ہلاتے وہ آئی
ساتھ میں گاجر کا حلوہ تھا اوپر چیز ملائی
سونڈ میں اپنی گنے لے کر پانچواں آیا ہاتھی
دیکھ کے اس کو سارے بولے ہاتھی میرے ساتھی
چھٹا نمبر تھا چڑیا کا، چونچ میں اس کے دانے
ساتواں آیا مور ہمارا پل پل دھوم مچانے
ناہی جھگڑا ناہی لڑائی، سب نے بانٹ کے کھایا
خوشی خوشی سے سب نے مل کر سب کا دل بہلایا

اس نظم میں شامل
پہلا، دوسرا، تیسرا ترتیبی عدد ہیں جب کہ
۱، ۲، ۳ مقداری عدد (اصلی عدد) ہیں۔



- اوپر دی ہوئی تصویر میں دوڑ کے مقابلے میں کل کتنے لڑکے ہیں؟ [۵]

۵ یہ مقداری عدد ہے۔

- دوڑ کے مقابلے میں سوربھ کا کون سا نمبر آیا؟ [پانچواں]

پانچواں ترتیب ظاہر کرنے والا لفظ ہے۔

- پہلا کون ہے؟ [ ]
- چوتھے نمبر پر کون ہے؟ [ ]

- مور کون سے ڈبّے میں ہے؟ [ ]
- پہلے ڈبّے میں کون ہے؟ [ ]
- خرگوش کون سے ڈبّے میں ہے؟ [ ]
- ساتویں ڈبّے میں کون ہے؟ [ ]
- شیر کے ڈبّے کا نمبر کتنا ہے؟ [ ]
- اونٹ کے ڈبّے کے بعد کے ڈبّے کا نمبر کون سا ہے؟ [ ]
- ہاتھی کے ڈبّے سے پہلے کا ڈبّا کون سا ہے؟ [ ]

برائے اساتذہ :

۱, ۲, ۳, ۴, ۵,... یہ مقداری اعداد ہیں جو اعداد کی مقدار ظاہر کرتے ہیں۔
اور پہلا، دوسرا، تیسرا، چوتھا یہ ترتیبی الفاظ ہیں۔ ان کے صحیح استعمال پر زور دیں۔

ثانیہ باغ میں پودوں کو پانی دے رہی ہے۔

اوپر دی ہوئی تصویر دیکھ کر خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو۔

- ثانیہ کے قریب پہلے نمبر پر .... پودا ہے۔
- گلاب کا پودا ثانیہ سے .... نمبر پر ہے۔
- کل .... پودے ہیں۔

اپنی کتاب کا صفحہ نمبر ۳۳ اور ۳۴ دیکھ کر بتاؤ۔

- انگریزی سال میں پانچواں مہینہ کون سا ہے؟ ☐
- بھارتی سال میں آٹھواں مہینہ کون سا ہے؟ ☐

مقداری عدد لکھو۔



- جامنی رنگ کی کتنی مچھلیاں ہیں؟ ☐
- لال رنگ کی کتنی مچھلیاں ہیں؟ ☐
- پیلے رنگ کی کتنی مچھلیاں ہیں؟ ☐

یاد رکھو : چیزیں گننے کے لیے جن عددوں کا استعمال کیا جاتا ہے انھیں مقداری عدد کہتے ہیں۔
کسی قطار میں چیزوں کی ترتیب ظاہر کرنے والے عددوں کو ترتیبی عدد (لفظ) کہتے ہیں۔

64NX3X